© rasailojaraid.com

# ادارۂ تحقیقات اسلامی کا کتب خانہ

سید فیاض علی

ادارۂ تحقیقات اسلامی کا کتب خانہ، منتخب اور نادر کتب و رسائل پر مشتمل ہے جس کی تفصیل حسب ذیل ہے :۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱ - | مطبوعہ کتب | ۲۹۰۰ |
| ۲ - | رسائل و جرائد ( جلدیں ) | ۲۱۰۷ |
| ۳ - | کتابچے | ۲۵۰۰ |
| ۴ - | مسودات | ۱۱۲ |
| ۵ - | عکسیات | ۴۱۸ |
| ۶ - | مائیکرو فلمز | ۵۰۶ |
| ۷ - | مائیکرو فش | ۴۷۸ |

اس کتب خانے میں تمام اسلامی موضوعات میں قیمتی کتابیں جمع کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے ان موضوعات کے نام اور ان پر کتابوں کی تعداد درج ذیل ہے ۔

| موضوعات | تعداد کتب |
|---|---|
| ادیان ( مذاہب عالم ) | ۱۰۲۰ |
| اقبالیات | ۲۵۰ |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



| | |
|---|---|
| تصوف | ۵۸۰ |
| تعلیمات | ۱۶۵ |
| تفسیر | ۷۳۵ |
| تاریخ شرق وسطیٰ | ۲۰۰۰ |
| تاریخ پاک و ہند | ۱۷۲۰ |
| حدیث | ۸۴۰ |
| رجال | ۱۳۳ |
| سیاسیات | ۷۰۰ |
| فقہ | ۱۴۵۰ |
| فلسفہ (بشمول اسلامی فلسفہ) | ۷۹۰ |
| قانون | ۱۱۵۰ |
| القرآن (تراجم القرآن، علوم القرآن، فہارس القرآن) | ۵۶۳ |
| الکلام | ۸۷۶ |
| معاشیات | ۳۷۵ |

## شعبۂ مجلات

تحقیق کے لئے مجلات کی اہمیت بھی کچھ کم نہیں ہوتی۔ اس لئے مجلات کے حصول اور خریداری پر خاص توجہ دی جاتی ہے۔ کتب خانے میں اس وقت مختلف زبانوں میں شائع ہونے والے ۷۰ رسائل و جرائد کی فراہمی کا انتظام کیا گیا ہے جن کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



| زبان | تعداد |
|---|---|
| ۱۔ عربی | ۱۵ |
| ۲۔ فارسی | ۶ |
| ۳۔ اُردو | ۴۲ |
| ۴۔ انگریزی | ۶۹ |
| ۵۔ دیگر زبانیں | ۸ |
| | ۱۴۰ |
| مجلات پاکستان | ۱۱۰ |
| مجلات غیر ملکی | ۴۰ |

## دارالنوادر

نادر و نایاب کتب پر مشتمل کتب خانے میں دارالنوادر کے نام سے ایک علیحدہ شعبہ قائم کیا گیا ہے۔ اسلامی دارالنوادر محققین کے لئے خاص دلچسپی اور توجہ کا مرکز ہے۔ اس بے مثال نوادر خانہ میں تقریباً ۱۱۶ اہم مسودات تقریباً ۱۵۰۸ نایاب کتب کے عکسیات مائیکروفلمز اور مائیکروفش کارڈ موجود ہیں۔

مسودات میں قرآن مجید کے علاوہ تفسیر، فقہ و حدیث۔ فلسفہ و منطق اور طبعیات پر بھی کتابیں موجود ہیں۔ اس وقت کتب خانے میں قرآن مجید کے چار مکمل نسخے کتب خانے کی زینت ہیں جو بارھویں اور تیرھویں صدی ہجری میں تحریر کئے گئے ہیں ایک نسخہ جو فارسی ترجمے پر مشتمل ہے شاہ ولی اللہ دہلوی (متوفی ۱۷۶۲) کے دستخط ہیں۔ یہ نسخہ خود شاہ صاحب نے اپنے زیر نگرانی ترجمہ و تحریر کرایا تھا۔ اسی طرح قرآن شریف کا ایک نسخہ مشہور ترکی عالم و خطاط سید اسمٰعیل حلمی کے فن خطاطی کا اعلیٰ نمونہ ہے جس میں فاضل کاتب نے گلکاری طلاکاری سے کام لے کر آرائش و زیبائش پیدا کی ہے ایک اور نسخہ مشہور پاکستانی خطاط

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



عبداللہ محمد امام الدین کے فن کا نمونہ ہے اس نسخے میں خطاطی نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی ۴۱۱ بار مختلف طرز سے خطاطی کی ہے اور ہر بار ایک نئے اسٹائل سے طغرا بنایا ہے۔ قرآن مجید کے نسخوں میں ایک تیسرے پارے کا مسودہ بھی ہے جو قاہرہ میں ۷۶۳ھ تا ۷۷۸ھ بہ عہد عبد الملک الاشرف شعبان تحریر کیا گیا۔ ان نادر نسخوں کے علاوہ چند نایاب نسخے یہ ہیں۔

المقام المحمود (دو جلدیں) مصنف مولانا عبید اللہ سندھی متوفی ۱۹۴۴ء) مولانا کے تفسیر نوٹ جو انہوں نے اُردو زبان میں قلمبند کروائے۔

التمہید لائمہ التجدید۔ مصنف مولانا عبید اللہ سندھی۔ یہ مولانا کا ذاتی مسودہ ہے جو کتب خانے میں محفوظ ہے۔ ابھی تک طبع نہیں ہوا۔

شرح العینیہ ابن سینا ابو الولید محمد بن احمد (متوفی ۱۱۹۸ء) کی شیخ الرئیس ابو علی بن سینا متوفی ۴۲۷ھ کے قصیدۃ العینیہ۔ فن طب پر شرح جو کمیاب ہے۔

المحیط البرہانی۔ یہ فقہ حنفی کی وسیع اور ضخیم کتاب ہے جو چار ضخیم جلدوں یعنی ۲۲۹۴ بڑے صفحات پر مشتمل ہے۔ اس کتاب کے مصنف برہان الائمہ محمود حنفی تجاری متوفی ۱۲۰۹ء اپنے وقت کے عظیم المرتبہ قاضی اور فقیہ تھے۔ اس کے نسخے بہت ہی نادر اور کمیاب ہیں۔ کہیں طبع نہیں ہوئی۔

عجائب الاشعار و غرائب الاخبار۔ یہ نسخہ جس کے مؤلف مسلم بن محمود الشیرازی ہیں شائد دنیا میں ایک ہی نسخہ ہے۔ اس کے کسی دوسرے نسخے کے وجود کی اطلاع نہیں ملی۔ کتاب پہ ۱۱۹۰ھ مرقوم ہے۔

مجمع البحرین۔ مؤلف امام لغت رضی الدین حسن بن صغانی متوفی ۶۵۲ھ یہ عظیم الشان لغت جو سات جلدوں پر تحریری شکل میں موجود ہے۔ ابھی تک طبع نہیں ہوئی۔

ترجمان معارف (لغت) مؤلف حاجی حسن۔ یہ لغت دو جلدوں پر مشتمل ہے۔ پہلی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جلدیں عربی سے ترکی اور فارسی اور دوسری جلدیں ترکی سے عربی اور فارسی الفاظ و محاورات کی تشریح کی گئی ہے۔ یہ دنیا کا واحد نسخہ ہے۔ جو کتب خانے میں موجود ہے۔ یعنی کسی دوسرے کتب خانے میں اس نسخے کی موجودگی کی اطلاع نہیں ملی۔ اس کا زمانہ تالیف ۱۲۰۰ھ کے قریب ہے کاتب کا نام درج نہیں۔

عکسیات جن کی تعداد ۴۱۸ ہے اہم اور نایاب کتب پر مشتمل ہیں جو مصر، عراق، مراکش اسپین، انگلستان، اٹلی وغیرہ کے علمی خزانوں میں محفوظ ہیں۔ اس طرح مائیکرو فلمز جن کی تعداد ۵۰۶ ہے اہم اور نایاب تاریخ کتابوں پر مشتمل ہیں کہ جن کی تحقیق کے سلسلے میں قدم قدم پر ضرورت پڑ سکتی ہے۔ مائیکرو فش جن کی تعداد ۴۸۳ ہے اہم تاریخی دستاویزات اور علمی کتابوں پر مشتمل ہیں کہ ضرورت کے وقت کتاب کے اصل متن سے محقق براہ راست استفادہ حاصل کر سکیں۔

## مائیکرو فلم یونٹ

اسلامی موضوعات پر تحقیق و تلاش کے کام میں مدد دینے کے لئے صرف مطبوعہ مواد کی فراہمی ہی عمل میں نہیں لائی جاتی بلکہ بہ وقت ضرورت قارئین کے لئے مطلوبہ مواد کی فوٹو سٹیٹ اور مائیکرو فلم بھی فراہم کی جاتی ہیں۔ چنانچہ اس مقصد کے لئے کتب خانے میں ایک فوٹو سٹیٹ اور مائیکرو فلم یونٹ قائم ہے جو نہ صرف اندرون ملک بلکہ بیرون ملک اسکالرز کے لئے بھی مطلوبہ مواد کی فوٹو سٹیٹ اور مائیکرو فلمیں مہیا کرتا ہے۔

ادارے کے کتب خانے کو ملک میں یہ امتیازی حیثیت حاصل ہے کہ اس میں علوم اسلامیہ پر تحقیق کرنے والوں کو گزشتہ چودہ سو سال کے ہر دور کی کوئی نہ کوئی کتاب ضرور مل جاتی ہے جس کی وجہ سے ان کا تحقیقی کام رکنے نہیں پاتا۔ اس قیمتی علمی ذخیرے میں اضافے کی کوشش مسلسل جاری ہے۔

© rasailojaraid.com